لیکن ہو جسکو درد کی چھالر لگی ہوئی
گویا ہے تن پہ چرم سمندر لگی ہوئی
ہے دل کو بغض باد احمر لگی ہوئی
جسکو ہے تیرے رقص کی ٹھوکر لگی ہوئی
ہے خاک تیرے پاؤں کی منہ پر لگی ہوئی
جاتی ہے دل سے الفت کعبہ کبھی کبھی
ہے سر میں میرے زلف کا سودا کبھی کبھی
یوسف کبھی کبھی زلیخا کبھی کبھی

میلان دل کو کفر کا کیونکر نہ فرض ہو
مشتاق تیرے عاشق و معشوق دونوں ہیں
کیا اعتماد لطف کا ہو اپنے دوست سے
مانع نہیں ہوں غیر دل سے تجھکو و صنم
شاید کہ میرے طوف میں ہے روح قیس کا
تا تجھ پہ جان فدا کرے میرے طفیل سے
سودائیوں کو باغ ارم سے بھی ہے لذیذ

ہے سر میں میرے زلف کا سودا کبھی کبھی
یوسف کبھی کبھی زلیخا کبھی کبھی
اکثر ہے پاس ایک تنا کبھی کبھی
میری طرف بھی چشم کا گوشہ کبھی کبھی
پھرتا ہے میرے گرد بگولا کبھی کبھی
آتا ہے میرے گھر میں مسیحا کبھی کبھی
جس دشت میں جنوں کا ہے چرچا کبھی کبھی

آرام حشر میں اُسے ممکن ہے کب فہیل
جس کے ہو دل میں عشق کا کھٹکا کبھی کبھی

ایسے محیط ہم پہ کرامت بتوں کی ہے
وہ دل کہ جس کو خانۂ حق کہتی ہے خلق
سنتے تھے ایک بار قیامت ہو کیا ہوا
مجھ سے ان کے کوچے کو حسد کہوں اگر
غیر خدا کو جا نہیں دیتی ہے دل میری
ہے ربط ان کے حق نہیں آتا مجھے نظر

مسجد میں نیز مجھکو زیارت بتوں کی ہے
روز ازل سے ہو چکی غارت بتوں کی ہے
اب رات دن میں مجھ پہ قیامت بتوں کی ہے
واللہ اس میں بہت حقارت بتوں کی ہے
حمد اسی کی ہے جسے ہدایت بتوں کی ہے
مشتاق ہے اُسے لئے رغبت بتوں کی ہے

احمد کا میم جانتا ہوں زلف کو دلیل
اللہ کا الف مجھے قامت خدا کی ہے

افسوس اس سے کہا کہ میں تیرِ جفا چلے
کیا خوار و زار ہو گیا ہوں کوئے عشق میں
پھر کرم سے آکے پھر ستم ایسا کیا
نہ یار سے ہے شکوہ نہ اغیار کی غرض

ہو جبہ نام ننگ کو آگ میں جلا چلے
اس پر علاوہ خلق کو سر پر بٹھا چلے
لاشے مرے کو خاک میں خوں میں رُلا چلے
قسمت جبیں کی جو ہوئی تھی وہی لا چلے

آوارہ جنوں کے جنگل کا ہوں فرید
جس جا میں آئے اس سے مثالِ صبا چلے

اس روئے بے مثال پہ کیا شمع نور ہے
ہے میرے دل میں جان میں ہر آن متصل
غیر کے مارے پھر کرتا ہوں میں تبول
ایک اور طور کا ہوں جہاں میں بنا ہوا
بیدرد ہوں جہاں میں یا دردمند ہوں

پروانہ جس کا جان سے ہوا نور طور ہے
آنکھوں میں میری گرچہ وہ سو کوس دور ہے
مبتلاؤ عاشقوں سے کوئی ایسا نیو رہے
جو دیکھتا ہے مجھے وہ ہوتا نفور ہے
ہنستا ہے جو کہ مجھکو وہ روتا ضرور ہے

جور و جفا کے حد سے یہ کچھ اور ہو فرید
جو دل ہے تیرے سوز سے رشکِ تنور ہے

اپنی محفل سے اٹھانا یار اپنے ہاتھ سے
تیرے ابرو کی تصور میں شب فرقت میں ہم
ہائے کیا رسم ستم ہے ہائے کیا طرزِ جفا
آفریں اے پنجۂ دستِ جنوں سر پر مرے

کرنا اس شوریدہ سر کو خوار اپنے ہاتھ سے
اپنی گردن پر رکھی تلوار اپنے ہاتھ سے
اپنا کر کے پھر دیا آزار اپنے ہاتھ سے
رکھ دئے داغوں کی کیا دستار اپنے ہاتھ سے

ستم کہوں یار رشکِ اعجازِ مسیحا جو کرے
دولتِ دیوانگی اور برکتِ سودائے عشق

اپنے بیماروں کو وہ خونخوار اپنے ہاتھ سے
کر دیا اک جیب تو تو تار اپنے ہاتھ سے

ہے ہجو میں داغِ عصیاں پر فرید امید ہے
دھوئیگا لطفِ خدا اک بار اپنے ہاتھ سے

بہار آئی کہو صیاد کو حکم فغاں دیوے
نہ گل نہ لالہ نہ ریحاں نہ نسریں چاہتا ہوں میں
نہ ہے خواہش بہشتوں کی نہ اعراض دوزخ سے
جی چاہے قتل کر لیوے جسے چاہے آگ میں ڈالے

میرے ہاتھوں میں اب بہرِ خدا میری عناں دیوے
مگر رخصت مجھے اکبار طرفِ آشیاں دیوے
جہاں اپنا لقا دیوے وہاں مجھکو مکاں دیوے
دلے ہر طور میں ایام فرقت سے اماں دیوے

گمانِ موت کرتا ہے غلط اس پر تجھے ای دل
فرید آسا جی کوئی عشق کے مسلخ میں جاں دیوے

بوسہ لب سے میرا عشق بجا کرتا ہے
جس کو وسعت سے تو پیچ ملاؤ رسا ہیں عاری
بو نہیں یار رقیبوں کو مبارک ہووے
ان کو گرم سے بری رہتا ہے لیکن یار د
یان الودہ وندان کا نظارہ بر پا د
وہ مسیحا ہیں کہ چلنے بھی فلک سے ہر روز
ہائے نخچیر تھا اس کا بنایا ہے ہمیں

نشۂ شیرینی سے وہ چند ہوا کرتا ہے
دیکھو کس طرح مرے دل میں سما کرتا ہے
پر خیال ان کا تو آنکھوں میں پھرا کرتا ہے
رات بھر خواب میں اس جا پہ سما کرتا ہے
مجھ پہ کیا برق بلا سیل فنا کرتا ہے
نقشِ پائے ترے کو سو سجدہ کیا کرتا ہے
جس کا اک تیر وہ صد کار قضا کرتا ہے

کتنی آنکھوں سے ہے خون کتنے لبوں سے زندہ
سب ہیں برباد جفائے نگہ سرکش یار

نام بت کا ہے ولے کار خدا کرتا ہے
اک اجل تیری ہے دوری میں جیا کرتا ہے

سو کی مصروف ہیں حسن پرستی میں فریاد
کیوں جہاں ایک سے ہے منت نما کرتا ہے

پیر مغاں کے فیض سے بیگانہ بن گئے
روتا ہوں ذوق خندۂ جاناں کی یاد پر
اے گلعذار و شمع رخسار دیکھ کے تجھے
کیا پوچھتے ہو ہم سے تو احوال ابتدا
دیوانگی سے عشق سے آوارگی سے ہم
مدت تک اس کے ہجر میں سرگشتہ ہو رہا
پیتا بجائے خود کے نہ دیکھا ہے مے کو بھی

کعبے سے یعنی ساجد بتخانہ بن گئے
حسرت اشک کے سبھی دیوانہ بن گئے
بلبل بنے کوئی کوئی پروانہ بن گئے
جیسے تجھے اب تو مضحک طفلانہ بن گئے
پیر و جوان و طفل کے افسانہ بن گئے
غیرت اب اعتقادی جانانہ بن گئے
ہم تو بتوں کے ذکر پہ مستانہ بن گئے

لوگوں کو خانماں مبارک ہو اے فریاد
سودا کی ہم طفیل سے بتخانہ بن گئے

تجھے ہم بیقراروں کی خبر ہووے تو کیا ہووے
اگرچہ عمر بھر میں پائمال دشمنوں کا ہوں
اسی خورشید رو کے نور کی فیضان سے یارو
لبسنداری خدا سے روز و شب میں چاہتا ہوں میں

ہماری بینوائی پر نظر ہووے تو کیا ہووے
ولے اکدن رقیبوں پر ظفر ہووے تو کیا ہووے
شب تیرہ میری رشک سحر ہووے تو کیا ہووے
کہ ہجر یار کی بدلی سفر ہووے تو کیا ہووے

بصد زاری خدا سے روز و شب میں چاہتا ہوں یہ
کہ ہجر یار کی بدلی سفر ہووے تو کیا ہووے

یہ بیتابی یہ بے خوابی یہ بے چینی کہ ہے مجھ پر
اسی حالت میں دلبر کا گذر ہووے تو کیا ہووے

نہیں ہے آرزو واللہ جنت کی مجھے لیکن
مزار اپنی بتوں کی رہ پہ ہووے تو کیا ہووے

فرید ایسی جفا جو کو کہ ہے سفاک ہر ساعت
اگر اک آن محشر سے مفر ہووے تو کیا ہووے

تصور بتوں کا جب آیا ہمے
راہ دین کا سب بھلایا ہمے

قیامت نزنہ ہے جو میرے دل میں
مچا شور و غوغا دکھایا ہمے

میں سنتا تھا دوزخ ہے کافر کی جا
یہ کیا ہے کہ کافر جلایا ہمے

میں مر جاؤں اس بت کے پاؤں کے بیچ
یہی آرزو ہے خدایا ہمے

شب و روز یہ چاہتا ہے فرید
رہے یار کا سر پہ سایہ ہمے

جو جمال حضرت دلدار پہ مفتون ہے
خاک اس کی کو پاؤں کے فرہاد اور مجنون ہے

عاقبت وہ کعبۂ مقصود سے مشرف یاب
نذاو جس کا طائر الفت میں جگر کا خون ہے

معجزات عیسوی ہیں ان کے آگے عین عجز
جن کو اک بوسہ دیا تیرے لب میگون ہے

چشم ہو ابرو ہو خال و خط ہو رخ ہو زلف ہو
اپنی اپنی جا پہ سب مطبوع ہے موزون ہے

دیکھ کے تیرا سخن کہتا ہے عالم اے فرید
سحر ہے جادو ہے یا اعجاز کا مضمون ہے

جب مجھے یاد دلارام کا گھر آتا ہے
جنت آنکھوں میں جہنم سے بتر آتا ہے

فخر کے فقر کو دیکھا ہے میں جب یارو
فقر اور دل کا مجھے نقر نظر آتا ہے

لائق دید رخ حضرت دلبر کا ہے وہ
بت پرستی میں جسے خوب ہنر آتا ہے

غیر کے وہم کو یکبار جلا دیتا ہے
آتش عشق کا جب دل میں شرر آتا ہے

صبح کو ماہ رخ آغوش سے جب جاتا ہے
روز آتا ہے ولے روز حشر آتا ہے

نظم سنجی تیرا دیکھ کے اعجاز فریدل
آفریں کے لئے دہلی سے ظفر آتا ہے

جو کہ دلدار کے کوچے میں قدم پاتا ہے
جنوں میں بھی مزہ اس کو نہیں آتا ہے

اس کو کیا اطعمہ اور اشربہ سے لذت ہو
جو کہ درد و غم و حسرت کی غذا کھاتا ہے

رند سرشار ہو یا زاہد ہشیار بھی ہو
مطرب عشق ہی سب تیری ثنا گاتا ہے

کیا ہے خلقت بری اے یار کچھ انصاف کرو
آہ و نالے سے ہوا اور نہیں بھاتا ہے

ایسے جینے سے مجھے موت ہے درکار فرید
کرکے تنہا مجھے دلدار چلا جاتا ہے

ہر رنگ میں ظہور ہے بیرنگ یار کا
پرتو ہے گر خزاں میں کہ جلوہ بہار کا

جب ہر مکان میں خانہ ہے اُس گلعذار کا
اے دل سبب بتاؤ مجھے اضطرار کا

ہستی ہے وہ کہ جست اور جست ساز ہے
کیا اعتبار ہستی ناپائیدار کا

تنہا نہ مجھے یار کے انداز نے مارا
کچھ زلف نے کچھ چشم فسوں ساز نے مارا

اور ان کے لئے قوت روح جان
مجھکو مسیحا ترے اعجاز نے مارا

ظلمت میں شب ہجر کی اے صبح سحر خیز
اپنی مجھے آہ اور تیری آواز نے مارا

غضب اس کے کو رحمت جانتا ہوں
تو بے ساماں ہے غارت اہل ساماں

مجھے ہے اس لئے رحمت خدا کی
تجھے حاجت نہیں ناز و ادا کی

فرید ایسا ہے کعبہ ملتجی بھی
اڑائے سر پہ اس کے خاک پار کی

جیسے شاہ عشق نے دل کو کیا تسخیر ہے
سنگدل جیسا ہو میرے روبرو ہوتا ہے موم
میں ہوں شاہ اور ملک غم ہے خون دل میرا شراب
جو آتے کا سبب کچھ مجھکو فریاد دیجئے
رشک صد دانا ہے حسرت کہ آزادوں کی ہے
سیم سے مطلب نہیں زر کی نہیں خواہش کبھو

دشت و صحرائے جنوں مجھکو دیا جاگیر ہے
یہ میری صورت میں حضرت عشق کی تاثیر ہے
خار حسرت باغ ویرانہ میری تیر ہے
غیر دل دینے سے مجھکو اور کیا تقصیر ہے
جوں سے دیوانہ دل کو زلف کا زنجیر ہے
خاک اس کی کو چیکے میرے لئے اکسیر ہے

کیا ہو کچھ حاجت اسے شیخ و برہمن کی فرید
جس کا نہ پیر طریقت وہ بت بے پیر ہے

جس کے ہیں دلمیں تیری عشرت حسرت کے مزے
انس سے درد کیا تحفہ ایسی ہے لذت پیدا
نہیں آتی ہے مجھے پریوں سے نہ حور دل کو کبھی
اپنے نمکیں کی قسم تلخ ہو شریں اس کو
سیر بستاں سے بار باب طرب موسم ابر

اس کو ہیں عین مصیبت سبھی عشرت کے مزے
نار دوزخ میں مجھکو گل جنت کے مزے
جو جو آتے ہیں سگ یار سے الفت کے مزے
دیکھے فرہاد گر اس کان ملاحت کے مزے
آئیں کیا جیسے ہیں مژگاں کے شرارت کے مزے

رشک میرے سے نہ کیونکر ہو مسیحا مجروح
ہیں جگر میں تیرے تیر دل کے جراحت کے مزے

قطعہ
بر باد کرے ستم ایجاد فرید
اس سے دو چند مجھے آتے ہیں راحت کے مزے

حقیقت مجھکو رخ صورت مجازی میں دکھایا ہے
بتوں کے ناز و نخرے میں خدا کا نور پایا ہے

قباحت کو ملاحت دیکھ کر دیکھو ملاحت ہے
سمجھکر جہات پاؤ یار ہر ہر میں سمایا ہے

بدایت میں محبت تھی نماز و روزہ و حج کی
ولے اجو بتوں کے پاؤں کو کعبہ بنایا ہے

جسے غائب سمجھتی ہے سبھی مخلوق اے یارو
اسی غائب نے میرے دل سے سب حاضر بلایا ہے

تم اپنی چشم دل سے سوچکر دیکھو اے لوگو
کہ ہر ہر جا میں میرے یار نے ڈیرہ جمایا ہے

کہیں ہم بستر عیش و طرب خوبوں کی صورت میں
کہیں آوارہ بنکر دشت میں گرد اڑایا ہے

کہیں بستان میں گل ہے سرو ہے سنبل ہے نرگس ہے
کہیں پریاں میں خار و خس سے روپ اپنا دکھایا ہے

کہیں انداز و ناز و عشوہ و غمزہ کا ساماں ہے
کہیں دیوانہ دل اور دیدۂ پرنم کا مایا ہے

قطعہ
ارشاد دکھا کر رو۔ لباس فخر عالم میں
فرید آزاد دل کو زر خریدا اپنا بنایا ہے

خدنگ ناز خوباں کا جگر میرا نشانہ ہے
شہید عشق ہوں نزہت پہ کعبہ شامیانہ ہے

دعائے گیسوئے خمدار کیوں واجب نہ ہو مجھپر
تیری زلفوں میں میرے مرغ دل کا آشیانہ ہے

فقط اک میں نہیں تنہا ہوں اس کی جور سہنا کی
بلائے عشق کا مارا ہوا سارا زمانہ ہے

یہ چشم مست ہے یا تیر ہے ہم بیگنا ہوں کو
وہ زلف دلربا ہے یا ہمارا جیل خانہ ہے

سخن مجھ سے خلافِ عقل واقع ہو تو جانے دو
یہ چرچا عاشقانہ ہے نہ بحثِ عاقلانہ ہے

ارے حارص عبث ہے حرص اس دنیائے فانی کا
فنا جسکو نہیں ہے وہ توکل کا خزانہ ہے

میں وہ معشوق ہوں ادبار کا ہے سرمہ آنکھوں میں
اسیر زلف ہیں اپنے حور کے ہاتھوں کا شانہ ہے

جوان و پیر طفلوں کی زباں پر یہ ترانہ ہے
فریدؔ اب عرش تک سب تیرے دردوں کا فسانہ ہے

خوں جوش میں ہے لب پہ تو فریاد نہیں ہے
سر منتظر قطع ہے جلاد نہیں ہے

ہم کہتے ہیں فرہاد میں شیریں نہیں کوئی
وہ کہتے ہیں شیریں نہیں فرہاد نہیں ہے

کچھ شکر و رو و ر میں تیری کہ جفا کیش
عاشق سبھی ناشاد ہیں کوئی شاد نہیں ہے

بیداد گرا جور پہ کچھ رحم بھی ہووے
یہ پارہ دل پارہ فرہاد نہیں ہے

دل طالبِ حق تائبِ خوباں سے بن جاوے
اس ہستی موہوم کی بنیاد نہیں ہے

ہے شکر کہ میرے مذہبِ شوریدہ میں یہ دل
نظارے میں بت کے بھی خدا یاد نہیں ہے

جان و دل سر بکف آئے ہیں فریدؔ آج
افسوس صد افسوس کہ صیاد نہیں ہے

دل میرے اس کی جور و جفا سے بگڑ گئے
یہ مخزن بلا تو بلا سے بگڑ گئے

سادے تھے جب کہ بُول نہ تھا ایسا غرورِ بت
ان کے مزاج ناز و ادا سے بگڑ گئے

کرتے تھے جو جو منع نہ کرتا اُن کو میں
میری مراد میرے حیا سے بگڑ گئے

رہتی تھی مجھ کو شادی باغِ وصال کی
آخر وہی خزاں نے بقا سے بگڑ گئے

غم کھانے کا اگرچہ مجھے اشتہا بھی تھا
القصہ طبع فرطِ غذا سے بگڑ گئے

میری خوشی نہ بگڑی کسی طرح ویسے جب
پیکِ صبا کے اہلِ سبا سے بگڑ گئے

معکوس وضع دہر کی دیکھو فرید اب
شفقت اسی کی میری وفا سے بگڑ گئے

دیر میں قربت کا فروش خود کام آوے
بت پرستی کے لئے کعبہ سے اسلام آوے

حضر حسرت سے میری ایسا کہ کب زندہ نہ ہو
گر جفا جو سے مجھے قتل کا پیغام آوے

چھوڑے عیسیٰ کو نصاری سبھی ساجد ہوں میرے
جیسے مجھے یار دشناموں کا انجام آوے

رنگ روئے سے باؤں آتشِ گلزار ارم
گر تصویر میں میرے شاہدِ گلفام آوے

کعبہ [illegible] سے خانہ بنے گنبدِ مسجد سبھی خم
مجھ سا گر حج پہ کوئی رند مے آشام آوے

لہو پینے میں کئی عمر ارے ساقیٔ دہر
گردشِ جام کے کب گردشِ ایام آوے

عاشقوں کا جو ہے انجام ہو آغاز میرا
ایسے آغاز کو اب کیسا سرانجام آوے

مجھ سا پختے کا فرید ایسا بنا ہے احوال
الامان عشق کے گر ہاتھ کوئی خام آوے

دار الحرب کو جاتے ہیں اک بت کے واسطے
اسلام کو گنواتے ہیں اک بت کے واسطے

نام و نشان بھلاتے ہیں اک بت کے واسطے
شرم و حیا گنواتے ہیں اک بت کے واسطے

غیروں کے یار اٹھاتے ہیں اک بت کے واسطے
طعنے ترے کھاتے ہیں اک بت کے واسطے

گو غریب مسجدوں کے ہیں گر زینت کنشت
کیا مکر و فن بناتے ہیں اک بت کے واسطے

ہندو کہاں بناتے ہیں مومن کہاں فرید
ہر ڈھنگ میں سماتے ہیں اک بت کے واسطے

عشق کے کوچے میں جس پر بے شعوری ختم ہے
جتنا یہاں ہے نیاز عاشقانہ کا کمال
اتنا نہ تھے عمر بھر میں قیس اور فرہاد کو
کس طرح ہو کار جا ہر بُت بد کیش پر

مکتب علم و عمل ہے اس پہ دُوری ختم ہے
اس صنم رشک پری پر ناز حوری ختم ہے
اشد اشد میری جاں پر سند بوری ختم ہے
جب سے فخر حسن سے غرور غروری ختم ہے

جیسے یہاں ہے فریاں طلب موسائی تمام
فخر عالم پر ظہورِ نور طوری ختم ہے

غم اس کے دل کو خاک کیا توڑ توڑ کے
اے چرخ میری خاک بدن سے تو بعد مرگ
دلبرے مے کدے میں ہم جام جیسے ہم

سیکھو اسیا کی طرح پھوڑ پھوڑ کے
رندوں کو مے پلاؤ سے پیمانہ جوڑ کے
بیٹھوں لب لمیز سے پاؤں سکوڑ کے

رضوان آرزو ہے شب و روز اے فریں
بیٹھے گا اس کے کوچے میں جنت کو چھوڑ کے

قضا کی تیغ سے وہ ابروئے خمدار بہتر ہے
زلیخا کی محبت سے ہمارا عشق ہے افزوں
مجھے تیری نگاہِ مست کی سوگند ہے جاناں
تو اپنے زہد بے حاصل پہ مت نازاں ہو زاہد
خدائے خیر ہو واعظ کو کل مسجد میں کہتا تھا
زحوروں سے ہے دل مائل نہ غلماں کی کچھ حاجت ہے

قد کے تیرے تیری نگہ بیمار بہتر ہے
اور اس کے یار کنعانی سے میرا یار بہتر ہے
کہ عیسیٰ سے تمہاری چشم کا بیمار بہتر ہے
کہ تیری رشتۂ تسبیح سے زنار بہتر ہے
کہ صد ایمان سے کفر طرۂ طرار بہتر ہے
مجھے تو اپنے فخر الدین کا دیدار بہتر ہے

فرید اب اٹھ گئی ہے خواہشِ دیر و حرم دل سے
کہ میرا سجدہ سوئے کوچۂ دلدار بہتر ہے

کیا دل میں جب نزولِ محبت خدا کی ہے
ہر لحظہ میری جان پہ رحمت خدا کی ہے

موجود کی طرف سے نہ سمجھوں بتوں کو ہم
بے واسطہ انہوں کو خلافت خدا کی ہے

مظہر کو عین ظاہر سمجھیں نہ جو لیں گے
جس غیر جانا اُس پہ تو لعنت خدا کی ہے

محروم جو ہیں بُت سے خدا سے بھی دور ہیں
بندے ہیں بُت کے جنکو ہدایت خدا کی ہے

مومن نہیں شراب سے جن کو نہیں نصیب
ساقی ادھر کو دے کہ شفاعت خدا کی ہے

دوزخ بہشت ایک ہے مشتاق یار کو
عاشق کو دو جہاں میں ضمانت خدا کی ہے

ہرگز فرید دامنِ پیرِ مغاں نہ چھوڑ
خواہش تجھے جسے لطف و عنایت خدا کی ہے

گل رُخ سبھی غلام ہیں اُس گلعذار کے
سلطان حسن بندے ہیں اس شہسوار کے

نہ یار ہے نہ جبر ہے نہ اختیار ہے
دیکھو میں ناتواں پہ ستم روزگار کے

سوزش ہے بعد مرگ بھی اتنی کہ حشر تک
آتش فشاں ہیں سب مرے سنگِ مزار کے

ناسور دل میں آبلہ پا میں جگر میں داغ
کیا خوشنما ہیں پھول ہماری بہار کے

جو پاکباز جگ کے ہیں سب ان میں قید ہیں
کیا کیا ہیں پیچ زلف کے ہر تار تار کے

ہل من فرید کہتے ہیں تیروں کے واسطے
نخچیر جو ہیں اُس بُتِ عاشق شکار کے

جنت کو جا کے رشکِ جہنم بناؤں میں
جتنے فرید دل میں ہیں اب جوشِ نار کے

گل خوں کے ہجر سے کیا لالہ زار آنکھوں میں ہے
آج گل شوریدہ بختی کی بہار آنکھوں میں ہے

دیدہ گر ظلمت پہ پڑ جاتی ہے ہو جاتا ہے نور
شاید اس خورشید رو کی انتظار آنکھوں میں ہے

ہمدمو مجھکو مزہ ہو عمر بھر کیونکر نصیب
خار حسرت کے ازل سے خار خار آنکھوں میں ہے

دیکھ کر خیبت کو دشت اور غول خورد کو کیا
آج کس وحشت کے صحرا کی غبار آنکھوں میں ہے

سینکڑوں طوفان برپا ہو چکے ہیں اشک سے
قطرہ کیا کہئے کہ بحر بیکنار آنکھوں میں ہے

یا الٰہی ان دونوں میں اپنے بت کے شوق سے
جان زار اور حسرت دل بیقرار آنکھوں میں ہے

جن گیا ہوں میں پری و حور کا قبلہ فریل
بارک اللہ جسکے تصویر ونگار آنکھوں میں ہے

میرے کاشانۂ ویرانے میں جب جانانہ آتا ہے
تب اس دیوانۂ دل کو کچھ قرار خانہ آتا ہے

خدا جانے قیامت سے نہیں ڈرتا ہے وہ کافر
کہ ہر دم میری خونریزی پہ بے باکانہ آتا ہے

زیادہ کعبہ اور اقصٰی سے کرتا ہوں ادب اس کا
میرے مشتاق تب آنکھوں میں گر بتخانہ آتا ہے

الٰہی کس شرابی کی چشم ہے دل کو بیتابی
کہ میری خاکبوسی کے لئے میخانہ آتا ہے

عجب ہے اسے فریل اسلام سے بیزار کر مجھکو
ابھی آغوش میرے میں وہی ترسانہ آتا ہے

سو جو دیکھے جگ میں اسم صفات حق ہی
اسم و صفات کیا ہے خود عین ذات حق ہے

زاہد کی حق پرستی ہے مثل بت پرستی
اور عاشقوں کے آگے خود سومنات حق ہے

جس کو کرے گا سجدہ کس طرح نا روا ہے
جس کے نظر کے آگے لات و منات حق ہے

پیرِ مغاں ہے میرا مسجود و کعبہ دل
آزردہ جس کا دل ہو غیرِ خدا سے اے دل

واللہ یہ بات حق ہے واللہ یہ بات حق ہے
اس کی سن و تو ئی خود عینِ ثبات حق ہے

انکار حق و باطل ہے اے فریں باطل
جب شیخ کہدے سب کائنات حق ہے

میں فقط پیدا ہوں وصفِ پنجتن کے واسطے
جو محبت میں مرے غنچہ دہن کے واسطے
ہے بجا کعبہ کرے گر میرے مرقد کو طواف
خاک غربت تجھ پہ ہوں قربان تیری لطف کے

تشنہ ہے کوثر میرے ذوقِ دہن کے واسطے
چادرِ گل چاہیئے اس کے کفن کے واسطے
دل میں ہے سوزش بتِ ایماں شکن کے واسطے
کچھ خیال آتا نہیں حب وطن کے واسطے

نام میرا سُن کے راحت بھاگ جاتی ہے فریں
میں ہوں سگِ آستاں جناب رسول کا
اک کمترین غلام ہوں اصحاب پاک کا
اے دِل غم الفت کا اُٹھانا نہیں اچھا
کشتہ ترے خنجر انداز نگہ کا
زمانے میں مرے مجروح دلکو تیر ہے اسکا
مرے آزاد دل میں کس طرح ہو چاہ دنیا کی
میں ہوں سگِ آستان رسا لتماب کا
عثمان کا علی کا حسن حسین کا
ہزار آشوب زلفوں پہ نہیں لاکھوں فتنہ آنکھوں کی
ہر ایک نوک خنجر دلکو ہے تو نوح کی توت

ہاں مگر آیا ہوں میں رنج دشمن کے واسطے
شکر خدا کہ پایا ہے رتبہ قبول کا
اک کمترین بندہ ہوں آلِ بتول کا
یہ بارِ گراں سر پہ چڑھانا نہیں اچھا
مرکز سے مرے آنکھ چرانا نہیں اچھا
کہ نہ اُستا ہے کوئی نہ کوئی پیر ہے اسکا
کہ یوسف اپنے کیسکو چیکہ خاک اکسیر اسکا
ابن قحافہ کا ابن خطاب کا
اور خواجگانِ چشت عالیجناب کا
فریب و خورد نمکی کا جبر چاہیں میگوں پر
بذیکو نکھ خندہ زن آنسوں کے قطرے ہو دین میوں پر

محبوب حق ہے خواجہ خدا بخش نام سے
دونوں جہاں میں بندے سب اس میں کام ہے

برحق خلیفہ حق ہے اور نائب رسول ؐ
نور نبی ہے شمس وہ ماہ تمام ہے

ہے کحل چشم حور کا اس کی غبار رہ
مجھ سا اک اس کے در کا جو عاصی غلام ہے

شہنشاہوں کا شاہ ہے شیخوں کا شیخ ہے
عالی مقام سب پہ وہ عالی مقام ہے

خلوت کدہ ہے خاص اس کی حریم ذات
اور عرش جس کا فرش ہی دربار عام ہے

دونوں جہاں کا تیرا غضب اختلال سے
کون و مکاں کا تیرا کرم انتظام ہے

جو نور لم یزل ہے سب ہی تجھ میں ہے عیاں
جو حسن لایزال ہے تجھ پہ تمام ہے

زاہد کو نار سے ترے سے ہے نجات
ملک فنا و فقر کو تجھ سے نظام ہے

زندانہ وحشی بری ہوں ترے ذکر سے مگر
تیری ثنا کا ورد مجھے صبح و شام ہے

نام خدا رسیدہ ہے خود سے چھپائے خلق
دل جس کا تیری دام محبت کا دام ہے

ہے شیخ تیری الفت کا اسے ہادی سلوک
اور ان کی انتہا پہ پہلے کا کام ہے

سب کے نصوص چار ہیں میرے یہ تین ہیں
قرآن ہے حدیث ہے تیرا کلام ہے

محو ہوں میں آنکھیں سیہ مست یار کا
گویا میرا دماغ ئے خالص کا جام ہے

جس کو ہے ترے آل کی حق میں خیال ضد
ملعون ہے زنیم ہے ولد الحرام ہے

مقطع

چاہے قبول کر اسے چاہے نہ کر قبول
شاہ فرید تیرا ازل سے غلام ہے

مجھے جب سیر جاناں کی گلی کی یاد آتی ہے
وہ آخر ملک وحدت کے شہنشاہی کا مالک ہے
ہمارے ساتھ کیا نسبت ہے فرہاد اور مجنوں کو
مزے سے رشک لذات جہاں اور حور ہوتا ہوں
کمال عشق دیکھو جبکہ جاتا ہوں گلستاں میں

مختلف
جگر سے دل سے جان سے فریاد آتی ہے
جیسے کشور ، دل عشق سے آباد آتی ہے
طریق عشق میں جو مجھ سے استعداد آتی ہے
جگر میں جیسے نوک ناوک صیاد آتی ہے
زبان پر برگ گل سے صدا بہار کی یاد آتی ہے

غلامی فخر دیں کی اس کو ہے شایان عالم میں
فریاد آسا وہ دل غیر جو غیر سے آزاد آتی ہے

مدرسے کو فنا کروں یہ نہ کروں تو کیا کروں
چھوڑ زہد و خانقاہ بنکر مرید میکدہ
عمر تک یار نے مکھڑا نہ دکھایا ہم کو
عشق بازی میں عجب خارق عادت میں نہاں

بت کدے کی بنا کروں یہ نہ کروں تو کیا کروں
عشق کو پیشوا کروں یہ نہ کروں تو کیا کروں
کرکے مایوس حیات سے جو آیا ہم کو
رستگاری کا مزہ دام سے آیا ہم کو

نوح کی روح بھی غرق آب فنا کی ہو گی
آئے گا غم میں اگر رونے کا رلایا ہم کو

وہ جنگ کے لئے آتا ہے سامان نئے نئے
تقتل ہے میری طرف کو ان کا خیال دل
گر سوز و گر گداز ہے درد کا ہے غم
سلطان عشق سے مجھے انعام میں ملے
اتنے نہیں فلک پہ ستارے زمیں پہ حسن

کرتا ہے قتل گر وہ مسلماں نئے نئے
غیروں کے پاس آتے ہیں احسان نئے نئے
آتے ہیں دل کے خانے میں مہمان نئے نئے
صحرا نئے نئے ہیں بیابان نئے نئے
بیٹھے ہوئے ہیں عاشق جاناں نئے نئے

میں غمزے کی عیاری سے کیا کیا کہوں فریدیا
ہردم ہے دلمیں خنجر پیکاں نئے نئے

وہ مرض سے ابدالدہر مبتلا ہووے
بغیر اس بتِ بدکیش رشکِ عیسیٰ سے
فلک ہو روضۂ اس کا کفن ہو چادر مہ
ہزار زہد قربان ہو اس کے قدموں پہ

صنم کے درد میں جو طالب دوا ہووے
بخلط سحر کجا معجزا ادا ہووے
جبی کا یار کے پاؤں میں سرفدا ہووے
جو دل کے صدق سے رندوں کا خاکپا ہووے

روا ہے اس پہ ستم تجھکو عشق میں تیرے
فریدی جیسا اگر کوئی دوسرا ہووے

ہر آن دل میں درد ہے اور اضطراب ہے
میں تشنۂ غم ہوں خونِ جگر کا شراب ہے
شعلہ ہے برق رشک ہے باران غم ہے رعد
اس بے وفا سے آشنا میں یا یہی ہوں مدام

رشکِ تنورِ نوح کے چشم پر آب ہے
میرے لئے میرا دل بریاں کباب ہے
فرقت کی شب ہے یا یہ غضب کا سحاب ہے
بیداری میں جی آوے تو سمجھوں یہ خواب ہے

جس پر ورود نکتۂ وحدت کا ہے فریدیا
وہ جان و دل سے خاک رہ بوتراب ہے

میرا ہے جس نے مجھکو مجھے اس کی چاہ ہے
اتنا محیط عشق جو دل کا ہے میرے پہ
حیف شاہ عشق آیا ہے جان و دل خراب

میں ہوں پتاں اس کا وہی میرا ماہ ہے
جو بت نظر میں آئے گا سمجھوں اللہ ہے
دیکھو رقیبوں سے کیا اس کا رفاہ ہے

شاید گر شاہ ناز پہ نصرت ہو مجھکو آج
آتش سے جس کے شور و فغاں ہی جہانیں
زاہد پہ جو گناہ ہے ہم کو ثواب ہے
بتخانہ و مسلجد ہوگا نہ ہوگا کیا
دونوں کے حق میں جس کو ہے اک ذرہ خلاف

جتنے نیاز کے یہاں بے حد سیاہ ہے
یا شعلۂ جہنم ہے میرے آہ سے
جو مجھ پہ ہے ثواب وہ اس پر گناہ ہے
میخانہ ہو مقیم کہ میری پناہ ہے
حق دو زن جگ میں اس کو کیا روسیاہ ہے

کس طرح دیر و کعبے سے معرض نہ ہو فرقہ یہ
جس کا بوئے خانہ خمار راہ ہے

ہر ایک ساعت میں سو طرز جفا کے
مسیحا نے اگر میری دوا کی
سندر سا ہوں خوش نار جفا میں
اگر کھائینگے میرے استخواں کو
شہیدانِ محبت کی خبر لے
زلیخا دیکھ کر تجھکو کہا ہے
میں جینا چاہتا ہوں وصل ہے ہجر
تیری تیر نگہ کے وصف سن کر
نہیں کوئی کہ آسے کانٹا نہ ہوگا
سر گیسو سے مشکل ہے رہائی

ستم کے شعلہ بازیگے وفا کے
خطا کے اور غلط کے ناسزا کے
قسم ہے اس جفا جو کے جفا کے
جلے پروں میں تاثیر ہما کے
گلی تیری ہے رشکِ کربلا کے
حسنِ یوسف نے اپنے ادعا کے
عجب الٹی ہے تاثیر دعا کے
لرزتے پھرتی ہے تیغ قضا کے
یہ ناگن دیکھئے زلفِ دوتا کے
کرشمہ کہا ہے تصویر بلا کے

رہوں گا انتہا تک ہمدم غم
کبھوں کیا ہو نہیں سکتی ہے اے دل
نہ چھوڑ آشنا کا نام باقی

میری یہ آرزو ہے ابتدا کے
شکایت اپنے طالع نارسا کے
یہ کیا ہے بد خو ہے اس ناآشنا کے

فریدا اپنے ہے روز ازل سے
غلام اور خاکپائے صوفیا کے

ہجرت میں تیری یاد پہ برباد جہاں ہے
دل کو ہے خلش تن کو طپش جاں کو حرارت
فرقت میں ہے اندوہ صنم کو ہ ملامت
قبلے سے بھی کفار سے نفرت ہی زیادہ
بے وقت جنوں پر میری کیوں ہنستی ہے زنجیر
زاہد نہیں خواہش مجھے فردوس بریں کی

اللہ کے جز وصل کا میعاد کہاں ہے
خوں جگری آنکھوں سے ہر لحظہ رواں ہے
بچنا نہیں ممکن کہ گراں بار گراں ہے
شاید کہ میرا کعبہ دیں کوئی بتاں سے
ہوں پیر ولے عشق کا جولان جواں ہے
داغ غم عشق اپنے لئے باغ جہاں ہے

ہے نہ گل اور نہ ساقی و نہ مطرب
ہیہات فریدا آج کیا بد ور خزاں ہے

غم فرقت کے نشتر سے جگر کا خون جاری ہے
کہو دلبر کو تیرے گھر سے اب رخصت ہماری ہے
وچو میں ایسا جانتی پیت لاون دکھ ہو!
مگر ڈھنڈورا پھیرتی پیت نہ لاوے کو
جگر پہ خون، دل پہ درد، تن کو بیقراری ہے
جوڑا بجوروں مانگ اجاڑوں گجلا کان تر رو!
دیکھو عشق کے معاملے آن بوچھے کو۔

ہُوا بیزا باپ اور ماں بھی سب الفت بساری ہے

آنکھوں میں سو کانٹا اور سُولی سہوں پچاس ایکو دکھ نا سہوں کہ پیا اوروں کے پاس
وہ کب جیوے جس کے یار کی اوروں سے یاری ہے

کانگا کرنگ پنچوڑیو سب چُن کھایو ماس یہ دو نین نہ کھائیو کہ پیا ملن کی آس
ازل سے دل کو ان کے دیکھنے کی انتظاری ہے

آہ کروں تو جل جلے اور جنگل بھی جل جائے یہ پاپی جیرا نہ جلے کہ جس میں آہ سمائے
نہ مرتا ہوں نہ جاتی ایک حسرت کی انگاری ہے

جیسے پیت چکور کی چاندا نہ مانے لہنی توڑ نبھا ہی اُس کی وہ جانے
وہ چاہے کرے میری اس کی بیش زاری ہے

پیتم کو پتیاں لکھوں اوپر لکھوں سلام جس دن کی تم بچھڑی میری نیناں نیند حرام
فریدا اُس کو ہے کب آرام جس کو زخم کاری ہے

بجانب حضرتِ خوباں کا ہوں مرید غلام نہیں ہے مجھ کو شیوخ اور برہمنوں سے کام
دہن میں آہ جگر میں شرار، دل میں آگ جحیم سے ہیں بدتر مجھ بے ہجر کے ایام
جو ہوا شیدا ازل سے بتوں کا اِک بار ہمارے عرف میں وہ ہو چکا ہے نیک انجام
بتوں نے جس کے دل و دیں کو کر لیا غارت خدا نے اس کو کیا شاہ و ملک دین اسلام

فریدا اپنے عقیدے کو میں نے کیا ہے میان
جو معتقد ہوا اُسی کا اُسی کو مجھ سے سلام

فریدی حضرات توجہ دیں

مولانا روم فرماتے ہیں۔ ؎ یک زمانہ صحبت با اولیا۔ بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا۔ اور فرماتے ہیں ؎
ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا۔ گو نشیند در حضور اولیا۔ ہم تم سب آرزومند ہیں۔ کہ خدا یا کسی ولی کی صحبت کا شرف عطا فرما۔
مگر قسمت ''مگر دنیا و دولت قربان کرنے سے کوئی مشکل نہیں۔ یہی توجہ ہے۔ کہ ہم نے جب سے دنیا سے پیار رکھا۔
اسیوقت سے اپنی سیر ملکوتی سے محرومی کا نشانہ بن گئے''۔ فریدیو! اگر چاہتے ہو۔ کہ ہمیں ایکبار اُس غوثِ زماں
حضور خواجہ غلام فرید علیہ الرحمۃ والغفران کی صحبت کریمہ سے حصّہ مل جائے۔ تو آپکے لئے نہایت سہل طریقہ تیار
ہو گیا۔ جس میں فقط ایکبار نہیں بلکہ بار بار اُس ابرِ رحمت سے بہرہ ور ہونے کا موقع ملتا ہے۔ ایک دن نہیں۔ بلکہ
ساری زندگی کے لیے۔ فقط فریدیوں کیلئے نہیں بلکہ ساری خلقِ خدا کیلئے نعمتِ عظمٰے ہے۔ بشرطیکہ پیرو
مرشد سے دنیا پیاری نہ ہو جائے۔ وہ طریقہ یہ ہے۔ کہ حضرت کے وہ ملفوظات جو آپ کی حین حیات میں جمع
ہوئے۔ آپ اُن کو زیرِ مطالعہ رکھیں۔ مگر وہ اس وقت نایاب ہیں۔ ہم نے آپکی سہولت کیلئے ان کا اُردو
ترجمہ کرایا ہے۔ مگر سرمایہ کی قلت کے سبب سے کام رکا ہوا ہے۔ آپ اگر ان مریدوں سے ہیں۔ کہ جنکو خود حضور
فرماتے تھے۔ کہ میرے کل اڑھائی مرید ہیں۔ مرید تو ویسے بہت تھے۔ مگر ان حضرات میں جان و مال قربان کرنے کا
مادہ تھا۔ آپ بھی جان و مال کو قربان کرتے ہوئے ذیل کے معروضات پر عمل کر دکھلائیں:۔

(۱) تمام ملفوظات کی تیاری کیلئے دو ہزار روپے ۲۰۰۰ وقف فرمائیں۔ یا فقط حصّہ اوّل کیلئے تین سو روپیہ ۳۰۰ قربان کریں۔ ایک صاحب یا کئی صاحب مل کر۔ (۲) تمام ملفوظات کیلئے پانچ روپے ۵ یا فقط حصّہ اوّل کیلئے ایک روپیہ ۱ پیشگی دیکر رسیدیں لیں۔ جن حضرات نے اس کام میں حصّہ لیا۔ ان کے اسماء ملفوظات کی فہرست میں درج کرینگے۔ رقم بھیجنے کا پتہ:۔

حافظ عبدالغفور فریدی
ناظم مدرسہ اوّل مسجد حفظ
مدرسہ منبع الفیوض [illegible]